**18.02.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ کلیم احمد

**Music**

---

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے نئی دلّی میں انڈیا AI امپیکٹ سمٹ کے موقع پر مختلف عالمی رہنماؤں کے ساتھ دوطرفہ میٹنگیں کی ہیں۔

☆ اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے AI سمٹ میں Waves Creators Corner کا افتتاح کیا۔ 51 اسٹارٹ اپس AI اختراع کی عکاسی کریں گے۔

☆ انتخابی کمیشن نے 10 ریاستوں میں راجیہ سبھا کی 37 سیٹوں کیلئے انتخابات کے پروگرام کا اعلان کردیا ہے۔ ووٹنگ آئندہ مہینے کی 16 تاریخ کو ہوگی۔

☆ مہاراشٹر حکومت نے نوکریوں اور تعلیم میں مسلم طبقے کیلئے پانچ فیصد ریزرویشن کو منسوخ کردیا ہے۔

☆ اور، مردوں کے ICC ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ میں آج شام احمدآباد میں بھارت کا مقابلہ نیدرلینڈ سے ہوگا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-BILATERALS**

وزیراعظم نریندر مودی نئی دِلی میں جاری مصنوعی ذہانت AI Impact کی چوٹی میٹنگ میں شریک مختلف ملکوں کے رہنماؤں سے گفتگو کررہے ہیں۔ انہوں نے اسپین کے صدر Pedro Sanchez کے ساتھ گفتگو کی۔ دونوں رہنماؤں نے بھارت اور اسپین کی شراکت داری کو مستحکم کرنے کے بارے میں وسیع تبادلۂ خیال کیا۔ وزارتِ خارجہ نے ایک بیان میں بتایا ہے کہ اُنہوں نے معیشت اور تجارت، صحت، تعلیم اور آب و ہوا سمیت بہت سے دوسرے شعبوں میں باہمی رشتوں کو مستحکم

کرنے پر بات چیت کی۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے بتایا کہ اُنہوں نے اسپین کے رہنما کے ساتھ دونوں ملکوں کے درمیان دوستی کو مستحکم کرنے اور اِسے فروغ دینے پر تبادلۂ خیال کیا ہے۔ جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ دفاع، سیکورٹی، ٹیکنالوجی اور کچھ دوسرے شعبوں میں باہمی تعاون اور اشتراک کو مضبوط کرنے پر بات چیت کی گئی۔ جناب مودی نے سربیا کے صدر Aleksanda Vucic سے بھی بات چیت کی۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی رشتوں کو مضبوط و مستحکم کرنے پر تبادلۂ خیال کیا۔وزیراعظم نریندر مودی نے فن لینڈ کے وزیر اعظم Antti Peteri Orpo کے ساتھ بھی تبادلۂ خیال کیا۔ دونوں رہنماؤں نے Digitalization، AI کے شعبے میں تحقیق اور باہمی اشتراک کو مضبوط کرنے کی خاطر بھارت کی صلاحیتوں پر بات چیت کی۔ اِس کے علاوہ اُن کا دوسرے رہنماؤں کے علاوہ کریشیا کے وزیراعظم Andrej Plenkovic، اسٹونیا کے صدر اور بھوٹان کے وزیراعظم کے ساتھ بھی گفتگو کا پروگرام ہے۔ اِس میں 20 ملکوں کے عالمی رہنما شرکت کررہے ہیں۔ آج اِس چوٹی میٹنگ کا تیسرا دن ہے۔×

## AI SUMMIT-WORLD LEADERS

انڈیا AI امپیکٹ سمٹ-2026 کیلئے عالمی رہنماؤں کا نئی دلّی پہنچنے کا سلسلہ جاری ہے۔ اسپین کے صدر Pedro Sanchez، سیشلز کے نائب صدر Sebastien Pillay اور ماریشش کے وزیراعظم ڈاکٹر نوین چندر رام غلام AI سمٹ کیلئے آج قومی راجدھانی پہنچے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر وزارت خارجہ نے کہا کہ صدر Sanchez کے دورے سے ثقافت، سیاحت اور AI کے بھارت-اسپین دوہرے سال کی جاری تقریبات کو مزید مضبوطی ملے گی۔ اُس نے کہا کہ سیشلز ایک قریبی اور دیرینہ بحری شراکت دار ہے اور سمٹ میں اُس کی شرکت سے اس شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کا موقع فراہم ہوگا۔ وزارت نے کہا کہ وزیراعظم رام غلام کے اس دورے سے بھارت اور ماریشش کے درمیان بڑھتی شراکت داری مزید مستحکم ہوگی۔ سلوواکیہ کے صدر Peter Pellegrini بھی نئی دلّی پہنچ گئے ہیں۔ وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے ہوائی اڈے پر اُن کا پرجوش خیر مقدم کیا۔×

## VAISHNAW SYMPOSIUM

الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے آج اس بات پر زور دیا کہ بھارت حقیقی دنیا کے مسائل کو حل کرنے کیلئے پوری طرح توجہ مرکوز کررہا ہے۔ انہوں نے یہ بات نئی دلّی میں انڈیا AI امپیکٹ سمٹ کے تیسرے دن تحقیق سے متعلق ایک سمپوزیم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ ملک کاروباری اداروں میں پیداواری صلاحیت کو بہتر بنانے اور صحت کی دیکھ بھال، زراعت اور آبادی کو درپیش موسمیاتی تبدیلی جیسے وسیع چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے AI

کے استعمال کو ترجیح دے رہا ہے۔

**Byte; Ashwini**

**AI SUMMIT-REAX**

اسٹیل کی وزارت کے سکریٹری سندیپ **Poundrik** نے کہا ہے کہ اسٹیل کے شعبے کیلئے آرٹیفشل انٹیلجنس کو استعمال کرنا لازمی ہے۔ نئی دلّی میں انڈیا **AI** امپیکٹ سمٹ میں آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے جناب **Poundrik** نے کہ بھارت اسٹیل کی پیداوار کرنے والا دنیا کا دوسرا سب سے بڑا ملک ہے، لہٰذا یہ ضروری ہے کہ وہ مکمل طور پر مسابقتی بننے کیلئے ہر اِمکانی طریقے سے آرٹیفشل انٹیلجنس کا استعمال کرے۔ انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں یہ سمٹ انتہائی اہم ہے اور اسٹیل کا شعبہ اس بارے میں غور کررہا ہے کہ اپنے معاملات کیلئے اسے کیسے اختیار اور استعمال کیا جائے۔

**S/B Poundrik**

**GUTERRES INDIA-AI**

اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل **Antonio Guterres** نے کہا ہے کہ مصنوعی ذہانت آرٹی فیشیل انٹیلجنس کو باضابطہ بنانے میں اقوام متحدہ کا کوئی کردار نہیں ہے، جبکہ عالمی ادارہ **AI** کے موضوع پر سالانہ عالمی مذاکرات کا اہتمام کرنے کا ارادہ رکھتا ہے، جس میں سرکاری اور غیرسرکاری شعبے اور سول سوسائٹی کے نمائندے شرکت کریں گے۔ اُنہوں نے یہ بات انڈیا **AI Impact** سمٹ میں نئی دِلی آنے سے پہلے ایک خبر ایجنسی کو دیئے گئے اپنے انٹرویو میں کہی ہے۔×

**INDIA-AI IMPACT-VAISHNAW**

کل انڈیا **AI** امپیکٹ سمٹ کے دوسرے دن بھارت منڈپم میں اطلاعات ونشریات کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے **WAVES Creators Corner** کا افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ **WAVES Creators Corner** وزارت کے اہم اقدامات، جن میں **Wavex**، **WAVES** بازار اور **Create in India** چیلنجز شامل ہیں، اُس کی توسیع ہے۔ جناب ویشنو نے پویلین دیکھا اور **Wavex**، اسٹارٹ اپس جیسے ابھرتے ہوئے کاروباری اداروں اور **Adobe**، **Netflix**، سونی اور **Amazon** جیسی عالمی کمپنیوں کی اعلیٰ قیادت کے ساتھ بات چیت کی۔جناب ویشنو نے اختراعی ٹیکنالوجی سے متعلق بھارتی ادارے کی اس بات کیلئے ستائش کی کہ اُس نے اُبھرتی ہوئی صنعتی مانگ کی خاطر طلباء کو اختراعی تعلیم فراہم کرنے کیلئے مصنوعی ذہانت کو مربوط کیا ہے۔ وزیر موصوف نے **51** میڈیا ٹیک اسٹارٹ اپس اور چیلنجڈ فاتحین سے بھی گفتگو کی۔×

**EC-RS POLLS**

انتخابی کمیشن نے دس ریاستوں میں راجیہ سبھا کی 37 سیٹوں کیلئے چناؤ کا اعلان کیا ہے۔ اِس سلسلے میں نوٹیفکیشن اِس مہینے کی 26 تاریخ کو جاری کیا جائے گا اور پانچ مارچ تک نامزدگی کے کاغذات داخل کرائے جاسکتے ہیں۔ پولنگ 6 مارچ کو ہوگی۔ ایوان بالا میں، جن ارکان کی معیاد پوری ہورہی ہے، اُن میں مرکزی وزیر رام ناتھ ٹھاکر، راجیہ سبھا کے نائب چیئرمین ہری ونش، NCP ایس پی کے رہنما شردپوار بھی شامل ہیں۔×

**MAHA-MUSLIM QUOTA**

مہاراشٹر سرکار نے تعلیمی شعبے اور ملازمتوں میں مسلم طبقے کے افراد کیلئے پانچ فیصد ریزرویشن کو منسوخ کردیا ہے۔ اِس سلسلے میں کُل سرکار نے Resolution جاری کیا ہے۔ سابقہ آرڈیننس کی مدت، جس کے تحت پانچ فیصد ریزرویشن کیا گیا تھا، ختم ہوگئی تھی اور عدالت نے اِس فیصلے پر عبوری حکم امتناعی بھی جاری کردیا تھا۔ سابقہ کانگریس-NCP سرکار نے ایک آرڈیننس جاری کرکے مراٹھوں کیلئے 16 فیصد اور مسلمانوں کیلئے پانچ فیصد کوٹے کی منظوری دی تھی۔×

**CRICKET-T-20 WC**

مردوں کے ICC کے ٹی-ٹوینٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں احمدآباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں گروپ-اے کے ایک میچ میں بھارت کا مقابلہ نیدرلینڈ سے ہوگا۔ یہ میچ شام 7 بجے سے کھیلا جائے گا۔ وہیں گروپ-اے کے تحت سہ پہر تین بجے کولمبو میں پاکستان اور نامبیا آمنے سامنے ہوں گے۔ اس دورکل رات ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں گروپ-سی کے ایک میچ میں نیپال نے اسکاٹ لینڈ کو 7 وکٹ سے ہرادیا۔×

**BUDGT ALLOCATION-WOMEN**

موجودہ مالی سال کیلئے جینڈر بجٹ اسٹیٹمنٹ میں خواتین اور لڑکیوں کی فلاح وبہبود کیلئے پانچ اعشاریہ صفر ایک لاکھ کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں، جس سے 11 اعشاریہ پانچ پانچ فیصد کے اضافے کا اظہار ہوتا ہے۔ سابقہ مالی برس میں یہ چار اعشاریہ چار نو لاکھ کروڑ روپے تھا۔ خزانے اور کارپوریٹ امور کی مرکزی وزیر نرملا سیتارمن نے جینڈر بجٹ ایلوکیشن میں نمایاں اضافے کے ساتھ مرکزی بجٹ-27-2026 پیش کیا تھا۔ خواتین اور بچوں کی ترقی کی وزارت نے مطلع کیا ہے کہ کُل مرکزی بجٹ میں جینڈر بجٹ کے حصے میں موجودہ مالی سال میں 9 اعشاریہ تین سات فیصد کا اضافہ ہوا ہے، جو پچھلے مالی برس میں 8 اعشاریہ آٹھ چھ فیصد تھا۔×

**VAISHNAW-WORLD RECORD**

انڈیا AI اور Intel انڈیا نے ایک AI ذمہ داری مہم کیلئے 24 گھنٹے میں سب سے زیادہ عہد موصول ہونے کے زُمرے میں ایک نیا عالمی ریکارڈ قائم کیا ہے۔ اس مہم کے تحت ڈھائی لاکھ سے زیادہ طلباء نے عہد کیا۔ الیکٹرانکس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ اس حصولیابی سے وزیراعظم نریندر مودی کے نظریئے کی عکاسی ہوتی ہے۔ انہوں نے اس کیلئے پوری ٹیم کو مبارک باد دی اور اس کا شکریہ ادا کیا۔×

**AMIT SHAH-WB**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج مغربی بنگال کے ایک روزہ دورے پر رہیں گے۔ کولکاتہ میں اپنی آمد کے بعد جناب شاہ، Nadia کے مایاپور میں ISKCON ہیڈکوارٹر جائیں گے، جہاں سری لا بھکتی سِدھانت سرسوتی ٹھاکر کی 152 ویں جینتی منائی جائے گی۔ اِس کے علاوہ جناب شاہ جیاپتا کا سوامی مہاراج کے ساتھ اعلیٰ سطحی میٹنگ کریں گے اور مندر کے احاطے میں منعقد کیے جانے والے عوامی جلسے سے خطاب کریں گے۔×

**SC-WB ED RAIDS**

سپریم کورٹ نے انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کی ایک درخواست پر سماعت اگلے مہینے کی 18 تاریخ تک ملتوی کردی ہے۔ اِس درخواست میں ڈائریکٹوریٹ نے الزام لگایا تھا کہ اُس کی تلاش اور چھاپے کی کارروائی کے دوران مغربی بنگال سرکار نے رکاوٹ ڈالی تھی۔ اِس سے پہلے انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے مبینہ کوئلہ چوری دھاندلی کے سلسلے میں ایک سیاسی صلاح کار کمپنی I-PAC کے دفتر میں چھاپہ مارا تھا۔

جسٹس پرشانت کمار مشرا اور جسٹس K.V.Viswanathan پر مشتمل بنچ نے سالیسٹر جنرل تشار مہتا کے یہ کہنے پر، کہ کچھ دستاویزات پیش کی جائیں گی، اِس معاملے کی سماعت ملتوی کردی۔ اِس سے قبل عدالت عالیہ نے مبینہ رکاوٹ کے الزام کو نہایت سنگین قرار دیا تھا اور اِس بنیاد پر سماعت سے اتفاق کیا تھا کہ کیا ریاستی سرکار کی قانون نافذ کرنے والی کوئی ایجنسی سنگین جرائم کی چھان بین میں مرکزی ایجنسی کے کام میں مداخلت کرسکتی ہے یا نہیں۔×

**PAK-COURT IMRAN**

پاکستان میں ایک ضلع اور سیشن عدالت نے سابق وزیراعظم عمران خان کی پانچ معاملات میں قبل از گرفتاری کی ضمانت کی مدت بڑھا دی ہے۔ اِن پانچ معاملات میں سابق وزیر محسن شاہنواز رانجھا کے مبینہ قتل کی کوشش کا معاملہ بھی شامل ہے۔ عدالت نے اپنے حکم میں کہا کہ پولیس پاکستان تحریک انصاف کے بانی کو اگلی سماعت تک اِن پانچ معاملات میں

گرفتار نہیں کرسکتی۔ مقدمے کی سماعت بدھ تک ملتوی کردی گئی۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆